ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(826)

29-12-2022

**بہاول پور()انسپکٹر جنرل پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی ہدایت پرڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار کی زیرنگرانی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں بہاولپور پولیس کی گزشتہ 02 روز میں شراب فروشوں اوراسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف مختلف کارروائیاں،متعدد کاروائیوں میں 19ملزمان گرفتار، 605لیٹر دیسی شراب و 440لیٹرلہن معہ 03عدد چالو بھٹیاں اور 04عدد پسٹل 30بوراور 01عدد پسٹل 9mmاور بندوق 12بور برآمد ،مقدمات درج،دستیاب وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں،تاکہ معاشرے کو ایسےعناصر سے پاک کیا جاسکے۔ڈی پی اوعبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل پنجاب،ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم پرڈسٹرکٹ پولیس آفیسرعبادت نثار کی سربراہی میں اورتمام ایس ڈی پی اوز کی زیرنگرانی تمام ایس ایچ اوز نے ضلع بہاولپور میں منشیات اور شراب فروشوں کے خلاف گرینڈ کریک ڈاؤن جاری۔ بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔تھانہ قائمپور،سٹی احمد پورشرقیہ،نوشہرہ جدید،سٹی حاصلپور،کوتوالی،سول لائنز،صدر بہاولپوراور خیر پورٹامیوالی پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتارکر کے ان کے قبضہ سے 605 لیٹر دیسی شراب و 440لیٹرلہن معہ 03عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لی۔تھانہ قائمپور،کینٹ،سٹی حاصلپوراورعباسنگر پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے ملزمان کو گرفتار کر کے قبضہ سے 04عدد پسٹل 30 بور اور 01عدد پسٹل 9mmاور بندوق 12بور برآمد کرلیا۔متعلقہ پولیس نے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے،ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے مزید بڑی کارروائیاں کریں تاکہ بہاول پور منشیات جیسی لعنت سے پاک کیا جاسکے۔کسی مشکوک سرگرمی کی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15پر کال کر کے اطلاع دیں اور ذمہ دارشہری ہونے کا ثبوت دیں۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پورپولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مہم میں گزشتہ 02روز میں شراب فروشوں اوراسلحہ ناجائز رکھنےوالوں کے خلاف مختلف کارروائیاں،متعدد کاروائیوں میں 19ملزمان گرفتار

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (827)

29.12.2022

# ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا پولیس تھانہ خیر پور ٹامیوالی کا سرپرائز وزٹ، ریکارڈ چیک کیا، سیکیورٹی بہتر بنانے اور زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر جلد از جلد یکسو کرنے کی ہدایات جاری، شہریوں کو بروقت انصاف فراہم کرنا ہماری بنیادی ذمہ داری اور اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق (        ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے گذشتہ رات تھانہ خیر پور ٹامیوالی کا سرپرائز وزٹ کیا۔ وزٹ کے دوران تھانہ میں ریکارڈ، صفائی ستھرائی اور کرائم ریکارڈ چیک کیا۔ حوالات میں بند ملزمان اور مقدمات کی تفتیش کی پیش رفت کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ ایس ایچ او ریاض احمد فیاض اور محرر نے بریفنگ دی۔ اس موقع پر SHO، تفتیشی آفیسران اور محرر کو ہدایت کی کہ وہ تھانہ میں آنے والے سائلین کے ساتھ اچھا برتاؤ کریں، زیر تفتیش مقدمات کو میرٹ پر یکسو کریں اور پولیس گشت کو مزید موثر بنائیں۔ اشتہاری ملزمان کی گرفتاری میں مزید متحرک کریں تاکہ ملزمان گرفتار کر کے چالان عدالت کئے جائیں۔ سابقہ ریکارڈی اشخاص کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کریں۔ چوری، ڈکیتی، رہزنی کے مقدمات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے شہریوں کا چھینا ہوا مال برآمد کر کے متاثرین کے حوالے کریں۔ کسی بھی واردات کی صورت میں ایس ایچ اوز موقع پر جا کر متاثرہ شخص سے مکمل تعاون کریں اور اس کی تسلی وتشفی کرائیں اور میرٹ پر مقدمہ درج کریں۔ پولیس کی اولین ڈیوٹی لوگوں کے جان و مال کا تحفظ ہے جس کو یقینی بنانے کے لئے تمام اقدامات کو بروئے کار لایا جائے۔ تھانے میں قائم کئے گئے فرنٹ ڈیسک کو چیک کیا اور وہاں کام کرنے والے عملہ کو ہدایت کی کہ وہ فرنٹ ڈیسک پر آنے والے شہریوں سے عزت واحترام سے پیش آئیں اور ان کے معاملے کا فوری اندراج کریں تاکہ اس سسٹم سے لوگوں کو پیش آنے والی دقتوں کا خاتمہ ہو۔ حکومت پنجاب اور آئی جی پنجاب کی فرنٹ ڈیسک کے سلسلہ میں جاری کردہ ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا اس سسٹم سے لوگوں اور پولیس کے درمیان فاصلوں کو کم کرنے میں مدد ملے گی اور لوگوں پر پولیس کا اعتماد بحال ہوگا۔

ترجمان بہاولپور پولیس




ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کا پولیس تھانہ خیر پور ٹامیوالی کا سرپرائز وزٹ، ریکارڈ چیک کیا، سیکیورٹی بہتر بنانے کی ہدایات